سوال

(196)حاملہ گائے کی قربانی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک گائے قربانی کے واسطے خرید گئی بعد میں معلوم ہواکہ وہ حاملہ ہے اب اس کی جگہ اور گائے خرید کر ذبح کرنی چاہیے یا اسی کو ذبح کر دینا چاہیے ؟ ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر قربانی کے وقت تک بچہ پیدا ہوجائے تواس گائے کی قربانی کے ساتھ اس کے بچہ کو بھی ذبح کردیا جائے ۔ وبہ قال احمد والشافعی لماروی سعید بن منصور عن علی : اذا کان یوم الاضحی فاذبحہا وولدہاعن سبعۃ (مغنی13/376) ورنہ اس کے بدلے بشرط وسعت دوسری گائے ذبح کی جائے ۔ جان بوجھ کر حاملہ گائے کی قربانی نہ کی جائے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔کتاب الأضاحی والذبائح

صفحہ نمبر 396

محدث فتویٰ